لالہ زاروں کی زمیں آگ اگل سکتی ہے
بوئے گل، تنگ دلوں کے لئے زنجیر بھی ہے
شاخِ گل، غیظ میں آجائے تو شمشیر بھی ہے
تیز رگ رگ میں ادھر آتشِ کردار ہوئی
سرد و خاموش ادھر شوخیِ گفتار ہوئی
خود سری خواب ہوئی نازِ ستمگاری کی
رنگ و روغن کی نہیں جیت ہی خودداری کی
ظلمتوں کے کسی گوشے میں اُجالا تو ہوا
ختم میراثِ فرنگی کا قبالہ تو ہوا
فتنہ انگیزیٔ اغیار اگر باقی ہے
خاکِ ایراں میں امکانِ تبر باقی ہے

غزل

(از جناب الم مظفرنگری)

مشکلیں جتنی تھیں بحرِ غم میں آساں کر چکے
ناخدا ہم کشتیٔ دل نذرِ طوفاں کر چکے

تب کہے مرغِ سحر یہ دعوتِ جوشِ جنوں
اب تو گلہائے چمن پرزے گریباں کر چکے

ڈھونڈتے ہیں غم کی اُن پھانسوں کو چارہ گر ابھی
جن کو اہلِ درد پیوستِ رگِ جاں کر چکے

اب نہیں ہے شمعِ بزمِ طور کی حاجت مجھے
میرے غم خانے میں اشکِ خوں چراغاں کر چکے

خاک سے کشتوں کی پھر بننے لگیں آبادیاں
تم تو کہتے تھے کہ ہم عالم کو ویراں کر چکے

نالۂ زنجیر کی آواز بھی آتی نہیں
کیا ادا فرضِ جنوں قیدیٔ زنداں کر چکے

باغباں تجھ کو مبارک آمدِ فصلِ بہار
وہ چمن میں کیا رہیں جو قصدِ زنداں کر چکے

کچھ نگاہِ ناز کو گھبرا کے سمجھانے لگے
جب وہ اجزائے دو عالم کو پریشاں کر چکے

شکر یہ اے نوبہارِ گلشنِ ہستی کہ ہم
پردۂ ہر گل میں سیرِ داغِ حرماں کر چکے

پوچھنے بھی آئے تو کب آئے یارانِ چمن
آشیاں جب ہم بھرے گلشن میں ویراں کر چکے

صرف وہ جلوے میں دانائے رموزِ شوقِ دید
طور پر جو امتحانِ چشمِ حیراں کر چکے

جا چکے وہ اپنی اپنی منزلوں پہ اے الم
ہیں کہ موجوں کے تھپیڑے سے غرقِ طوفاں کر چکے